الجامعة البنورية العالمية

دار الافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **Rehan Siddiqui**	Serial No : **32795**	MODE: **Regular**
Address : **khi**	Date : **1/24/2018**	
Subject : **احکام عدت**	Contact No:	
Writer : پیر محمد	Email :	

Mohtaram mufti sahab, Assalam-o-Alaikum, Farz kijiye ke biwi ko shohar ne pehli or sirf aik talak di. Kia is soorat me iddat usi tarah lazim hai jaisa ke shoar ki mowt ya teen talaq ki soorat me hoti hai (yani bila zaroorat ghar bahar na nikalna, saada libas pehanna waghaira)? Agar han, to mazeed rehnumai kijiye ga ke is sooart me: Kia doran-e-iddat biwi or shohar aik ghar me reh sakte hain jab ke shohar ka rujoo ka koi irada na ho? Kia doran-e-iddat biwi ghar tabdeel kar sakti hai maslan shohar ke han se walidain ke ghar? Kia doran-e-iddat biwi apne shohar ya mehram ke sath wakeel se milne ya kaghazat banwane ja sakti hai? Kia doran-e-iddat biwi apne shohar ya mehram ke sath bazaar ja sakti hai maslan kapre waghaira lene ke liay? Ap ki rehnumai ki zaroorat hai.

فرض کیجئے کہ بیوی کو شوہر نے پہلی اور صرف ایک طلاق دی۔ کیا اس صورت میں عدت اسی طرح لازم ہے جیسا کہ شوہر کی موت یا تین طلاق کی صورت میں ہوتی ہے (یعنی بلا ضرورت گھر سے باہر نہ نکلنا، سادہ لباس پہننا وغیرہ)؟ اگر ہاں، تو مزید رہنمائی کیجئے گا کہ اس صورت میں کیا دورانِ عدت بیوی اور شوہر ایک گھر میں رہ سکتے ہیں جبکہ شوہر کا رجوع کا کوئی ارادہ نہ ہو؟ کیا دورانِ عدت بیوی گھر تبدیل کر سکتی ہے، مثلاً شوہر کے یہاں سے والدین کے گھر؟ کیا دورانِ عدت بیوی اپنے شوہر یا محرم کے ساتھ وکیل سے ملنے یا کاغذات بنوانے جا سکتی ہے؟ کیا دورانِ عدت بیوی اپنے شوہر یا محرم کے ساتھ بازار جا سکتی ہے، مثلاً کپڑے وغیرہ لینے کیلئے؟ آپ کی رہنمائی کی ضرورت ہے۔

الجواب حامداً و مصلیاً

جس عورت کو ایک طلاق رجعی ملی ہو اس پر بھی عدت لازم ہے اور اس دوران اسکا بلا ضرورت گھر تبدیل کرنا یا باہر نکلنا منع ہے۔ البتہ ایسی عورت کیلئے زینت اختیار کرنا منع نہیں بلکہ اس پر زینت اختیار کرنا مستحب ہے۔

کما فی الهداية: والمطلقة الرجعية تتشوف وتتزين لانها حلال للزوج اذ النكاح قائم بينهما ثم الرجعة مستحبة والتزين حامل عليها فيكون مشروعا اهـ۔ (ج ۲، ص ۳۹۸)۔

وفی الدر المختار: (و تعتدان) ای معتدة طلاق و موت (فی بيت وجبت فيه) ولا يخرجان منه (الا ان تخرج او ينهدم المنزل او تخاف) انهدامه او (تلف مالها او لا تجد كراء البيت) و نحو ذلك من الضرورات اهـ۔ (ج ۳، ص ۵۳۶)۔

واللہ اعلم بالصواب۔

پیر محمد عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ سائٹ کراچی

۱۰ جمادی الاولی ۱۴۳۹ھ

الجواب صحیح

[illegible signatures]

۳۲۷۹۵

۲۱/۵/۱۴۳۹ھ

8/2/18